SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
October 31, 2016

# ایس ای سی پی کی ضوابط برائے کمپنیز (رجسٹریشن دفاتر)، ۲۰۰۳ میں ترامیم

**اسلام آباد، ۳۱ اکتوبر:** سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ضوابط برائے کمپنیز (رجسٹریشن دفاتر)، ۲۰۰۳ میں ضروری ترامیم تجویز کی ہیں۔ تاریخ اجرا سے چودہ دن کے اندر آراء کے حصول کے لئے نوٹیفکیشن کا مسودہ سرکاری جریدے میں شائع کر دیا گیا ہے۔ مذکورہ نوٹیفکیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر ڈال دی گئی ہے جو https://www.secp.gov.pk/laws/notifications/ پر دستیاب ہے۔

کمپنی رجسٹریشن دفاتر (سی آر اوز) کے داخلی انتظام کے موجودہ ضوابط ستمبر، ۲۰۰۳ میں جاری کئے گئے تھے اور ان میں وقتاً فوقتاً ضروری ترامیم بھی کی جاتی رہی ہیں۔ یہ یقینی بنانے کے لئے کہ موجودہ ضوابط آج کے دور کے تقاضوں کو پورا کریں۔ ایس ای سی پی نے مکمل جائزے کے بعد یہ ترامیم تجویز کی ہیں۔

ایس ای سی پی نے حال ہی میں گلگت بلتستان میں اپنا، نواں علاقائی دفتر یعنی سی آر او کھولا ہے۔ اس کے علاوہ سیالکوٹ اور ایبٹ آباد میں بھی سہولت مرکز قائم کئے گئے ہیں جبکہ گوادر کا سہولت مرکز بھی جلد کام شروع کر دے گا۔ اسی مقصد کے تحت سی آر او اور سہولت مراکز کے قیام کو ممکن بنانے کے احکام کو ضوابط کا حصّہ بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔

کمپنیوں کے ریکارڈ کو محفوظ رکھنے یا تلف کرنے کے حوالے سے بھی ترامیم کی گئی ہیں جن کے ذریعے رجسٹرار صاحب موجودہ کمپنیوں کے ریکارڈز دس سال کے لئے جبکہ تحلیل شدہ کمپنیوں کے ریکارڈز پانچ سال کے لئے محفوظ رہ سکیں گے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254